پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

13 جولائی 2016

آر بی آئی نے دی سوری فرینڈس یونین کوآپریٹیو بینک لمٹیڈ، سوری ویسٹ بنگال پر پابندی کی ہدایت میں توسیع کی

ریزروبینک نے دی سوری فرینڈس یونین کوآپریٹیو بینک لمٹیڈ، سوری ویسٹ بنگال پر جاری پابندی میں توسیع کردی ہے۔اس پابندی کو مزید چھ ماہ کے لئے 7 جولائی 2016 سے 6 جنوری 2017 تک نظرثانی کی شرط کے ساتھ بڑھادیا گیا ہے۔ریزروبینک نے شروع میں اس بینک کی بہت خراب مالی حالت کی وجہ 17 اپریل 2014 کو 6 ماہ کے لئے اس پر پابندی لگائی تھی اور بعد میں اس پابندی کی ویلیڈیٹی کو چار موقعوں پر بڑھاکر 6 جولائی 2016 تک پابندی کے تحت رکھا تھا۔ریزروبینک کی ہدایت کے مطابق ریزروبینک کی بغیر پیشگی تحریری منظوری کے دی سوری فرنڈس یونین کوآپریٹیو بینک لمٹیڈ نہ تو کسی کو قرض/پیشگی رقم دے سکتا ہے۔اور نہ اس کی تجدید کرسکتا ہے۔نہ وہ سرمایہ کاری کرسکتا ہے اور نہ وہ کوئی ذمہ داری (لائیبلٹی) بشمول فنڈس ادھار لینا کرسکتا ہے۔نہ وہ نئے ڈپازٹس لے سکتا ہے اور نہ ہی وہ کسی رقم کی ادائیگی کرسکتا ہے اور نہ ہی اس قسم کا کسی سے کوئی معاہدہ کرسکتا ہے۔نہ وہ کوئی بینک کا اثاثہ فروخت کرسکتا ہے۔اور نہ ہی وہ اس کی منتقلی کرسکتا ہے سوائے ان معاملات کے جہاں اس کے لئے ریزروبینک نے پہلے سے کوئی اعلان کیا ہوا ہے۔خاص طور پر یہ بینک اپنے ڈپازٹرس (جمع کنندہ) کو ان کے بچت کھاتہ، کرینٹ کھاتہ یا کسی دوسرے جمع کھاتوں سے ان کے بیلینس سے ایک ہزار روپیہ (Rs.1000/-) تک کی رقم نکالنے کی اجازت دے سکتا ہے۔جیسا کہ ریزروبینک نے اپنی ہدایات میں بتایا ہے کہ یہ پابندی سے متعلق ہدایات ریزروبینک نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 35A کے سب سیکشن (1) جس کو بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 56 کے ساتھ ملاکر پڑھا جائے کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اس کوآپریٹیو بینک پر عائد کی تھی۔ان ہدایات ایک کاپی متاثرہ عوام کی جانکاری کے لئے بینک احاطہ میں چسپاں کردی گئی ہیں ریزروبینک کے ذریعہ پابندی سے متعلق ہدایات کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ریزروبینک نے اس بینک کا بینکنگ لائسنس منسوخ کردیا ہے۔یہ بینک کچھ پابندیوں کے ساتھ اپنا بینکنگ کاروبار جاری رکھے گی۔جب تک کہ اس کی مالی حالت میں سدھار نہیں ہوجاتا ریزروبینک حالت کے مدنظر ان پابندیوں میں ترمیم کرنے پر غور کرسکتا ہے۔

انیرودھا ڈی جادھو

اسسٹنٹ منیجر

پریس ریلز 2017۔2016/110